© rasailojaraid.com



جانے کے لائق ہے۔ بھارت کے صوبہ بہار میں اسلامی مکتبوں میں اسے بطور نصابی کتاب پڑھایا جارہا ہے۔ اس نوعیت کی کتابوں کی اشاعت دعوۃ اکیڈمی کی قابلِ تحسین خدمت ہے۔]

⊙ **ہمارے نبیؐ**، سید احمد علی شاہ۔ ملنے کا پتا: ادارہ مطبوعات طلبہ، ۱-اے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ فون: ۰۳۲۲-۴۴۵۵۷۴۸۔ صفحات: ۸۰۔ قیمت: درج نہیں۔ [بچوں کے لیے مختصر، جامع اور آسان الفاظ میں سیرت رسولؐ کے ساتھ ساتھ مفید جغرافیائی و تاریخی معلومات کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔ آخر میں 'سارا جہاں جن کی تعریف کرے' عنوان کے تحت مشاہیر عالم (مسلم و غیر مسلم) کے نذرانہ عقیدت کا تذکرہ بھی ہے۔ ہر باب سے پہلے سوالات کی فہرست دی گئی ہے تاکہ لوازمہ پڑھنے سے پہلے بچوں کو اہداف (حاصلاتِ تعلّم) معلوم ہوسکیں۔ وضاحت کے لیے حسبِ ضرورت نقشوں کا استعمال بھی کیا گیا ہے۔]

⊙ **اُجالوں کا سفر**، حکیم محمد منیر بیگ۔ ناشر: شافی پبلی کیشنز، لاہور۔ ملنے کا پتا: کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۹۵۔ قیمت: درج نہیں۔ [زیرنظر کتاب مختصر مگر بامقصد تحریروں کا مجموعہ ہے جس میں فاضل مصنف نے زندگی بھر کے تجربات و مشاہدات کو قلم بند کرتے ہوئے زندگی کو بہتر انداز میں بسر کرنے کے گُر بتائے ہیں۔ بعض واقعات مصنف کے قیامِ جاپان کے ہیں۔ انھوں نے دل چسپ واقعات سے مثبت اور سبق آموز نتائج اخذ کیے ہیں۔ اندازِ بیان سادہ مگر دل چسپ اور دل کش ہے۔]

---


**النور جیولرز**

**زیورات کی دُنیا میں انقلابی فوائد کے ساتھ**

- ہمارے ہاں زیورات بغیر ٹانکہ کے جدید طریقے سے تیار کیے جاتے ہیں۔
- ہمارے تیار کردہ زیورات کی واپسی پر کاٹ نہیں لی جاتی لہٰذا ہمارے زیورات آپ کا محفوظ سرمایہ ہیں جنھیں آپ کسی بھی وقت کیش کراسکتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ لوگوں نے ہمیں اپنے بھرپور اعتماد سے نوازا ہے

ہمارا معیار ہی ہماری کامیابی کی ضمانت ہے

امید ہے کہ نہ صرف آپ ہمیں خدمت کا موقع دیں گے بلکہ اپنے عزیز و اقارب کو بھی ان فوائد سے آگاہ کریں گے

○ دکان نمبر F/461 'نزد لاجواب فروٹ چاٹ' صرافہ بازار' (بھابڑا بازار) راولپنڈی
فون: 051-5539378_محمد فیض اللہ چوہان' موبائل: 0321-5539378 'ندیم اللہ چوہان' موبائل: 0321-5008387

○ نیو برانچ: سوق ادریس علی پلازہ مری روڈ' راولپنڈی
فون: 051-5552209_محمد اکرام اللہ چوہان' موبائل: 0300-5806700 'ضیاء اللہ چوہان' موبائل: 0300-5802209


© rasailojaraid.com